# زکریاہ
# کی نبوّت

## یَاھوِہ کی طرف رُجُوع ہونے کی دعوت

1 داریاویشؔ کے دُوسرے بَرس کے آٹھویں مہینے میں یَاھوِہ کا کلام
نبی زکریاہ بِن بیرکیاہ بِن عِدّوؔ پر نازل ہُوا۔
2 ”یَاھوِہ تمہارے آباؤاَجداد سے سخت ناراض تھے۔
3 اِس لیٔے اِن لوگوں کو بتاؤ، قادرمُطلق یَاھوِہ* یُوں فرماتے ہیں، تُم
میری طرف رُجُوع لاؤ، قادرمُطلق یَاھوِہ یُوں فرماتے ہیں تو مَیں بھی
تمہاری طرف رُجُوع ہُوں گا۔ یہ قادرمُطلق یَاھوِہ کا فرمان ہے۔
4 تُم اَپنے آباؤاَجداد کی مانند نہ بنو جِن سے اگلے نبیوں نے بہ آواز
بُلند فرمایا تھا: قادرمُطلق یَاھوِہ یُوں فرماتے ہیں: ’تُم اَپنی بُری روِش اَور
بُرے اعمال سے باز آؤ،‘ لیکن اُنہُوں نے نہیں سُنا اَور میری طرف مُتوجّہ
نہیں ہُوئے، یہ یَاھوِہ کا فرمان ہے
5 اَب تمہارے آباؤاَجداد اَور نبی کہاں ہیں؟ کیا وہ ہمیشہ زندہ رہتے
ہیں؟
6 لیکن کیا میرا کلام اَور میرے قوانین جو مَیں نے اَپنے خدمت
گذار نبیوں کو دیئے تھے، کیا وہ تمہارے آباؤاَجداد کی وفات کے بعد
بھی قائِم نہیں ہیں؟

---

* **1:3** قادرمُطلق یَاھوِہ عِبرانی میں یَاھوِہ سباؤتھ یعنی لشکروں کے یَاھوِہ

”تَب اُنھُوں نے تَوبہ کی اَور کہا، یَاہوِہ قادرمُطلق نے اَپنے اِرادے
کے مُطابق ہماری روِش اَور ہمارے اعمال کے مُوافق ہم سے صحیح
سلُوک کیا۔“

## مہندی کے درختوں کے درمیان ایک شخص

7 دارِیاوِیشؔ بادشاہ کے دُوسرے بَرس کے گیارھویں مہینے یعنی ماہِ
شباطؔ کی چوبیسویں تاریخ کو یَاہوِہ کا یہ کلام نبی زکریاؔہ بِن بیرکیاہ بِن
عِدّوؔ پر نازل ہُوا۔

8 مَیں نے رات کو رُویا میں دیکھا کہ ایک شخص لال گھوڑے پر
سوار وادی میں مہندی کے درختوں کے درمیان کھڑا تھا اَور اُس کے
پیچھے لال، بھورے اَور سفید رنگ کے گھوڑے تھے۔
9 تَب مَیں نے پُوچھا، ”اَے میرے آقا یہ کیا ہیں؟“
اُس فرشتے نے جو مُجھ سے گُفتگو کر رہاتھا، جَواب دیا، مَیں تُمھیں
دِکھاؤں گا کہ یہ کیا ہیں۔

10 تَب اُس شخص نے جو مہندی کے درختوں کے درمیان کھڑا تھا،
اُس نے فرمایا، ”یہ وہ ہیں جنہیں یَاہوِہ نے ساری دُنیا میں سَیر کرنے
کو بھیجا ہے۔“

11 اَور وہ یَاہوِہ کے اُس فرشتے سے مُخاطِب ہُوئے جو مہندی کے
درختوں کے درمیان کھڑا تھا، اَور کہا، ”ہم نے تمام دُنیا کی سیر کی
اَور دیکھا کہ ساری زمین میں اَمن و سلامتی ہے۔“

12 پھر یَاہوِہ کے فرشتے نے کہا، ”اَے قادرمُطلق یَاہوِہ آپ جو
یروشلیمؔ اَور یہُودیؔہ کے شہروں پر پچھلے ستّر سالوں سے ناراض ہیں، کب
تک آپ اِن پر رحم نہ کریں گے؟“

13 تَب یَاھوِہ نے اُس فرشتے سے جو مُجھ سے گُفتگو کر رھاتھا، نرم
اَور تسلّی بخش جَواب دیئے۔
14 تب اُس فرشتے نے جو مُجھ سے گُفتگو کر رھاتھا فرمایا، "بُلند
آواز سے یہ اعلان کرو، قادرمُطلق یَاھوِہ فرماتے ھیں، 'مُجھے یروشلیمؔ اَور
صِیّونؔ کے لئے بڑی غیرت ھے،
15 لیکن مَیں اُن قوموں سے بےحد ناراض ھُوں جو اِس وقت اَمن و
سلامتی محسُوس کر رھے ھیں۔ مَیں تو تھوڑا ناراض تھا لیکن اُنھُوں نے
اُس آفت کو بہت زِیادہ بڑھا دیا تھا۔'
16 "اِس لئے یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں، 'مَیں رحمت کی بارش کرنے
کو یروشلیمؔ واپس آیا ھُوں، اَور یہاں میرے گھر کو پھر سے تعمیر کیا
جائے گا۔ اَور یروشلیمؔ کے اُوپر ناپنے کا جریب پھر سے کھینچا جائے
گا۔' یہ قادرمُطلق یَاھوِہ کا فرمان ھے۔
17 "پھر بُلند آواز سے اعلان کرو، قادرمُطلق یَاھوِہ فرماتے ھیں،
'میرے شہر دوبارہ خُوشحالی سے معمُور ھوں گے اَور یَاھوِہ پھر صِیّونؔ
کو تسلّی بخشیں گے اَور یروشلیمؔ کو قبُول فرمائیں گے۔' "

## چار سینگ اَور چار دستکار

18 تَب مَیں نے اُوپر نگاھیں اُٹھا کر دیکھا کہ چار سینگ ھیں۔
19 تَب مَیں نے اُس فرشتے سے جو مُجھ سے گُفتگو کر رھاتھا، پُوچھا،
"یہ کیا ھیں؟"
اُس نے مُجھے جَواب دیا، "یہ وہ سینگ ھیں جنھوں نے یہُودیہؔ، بنی
اِسرائیل اَور یروشلیمؔ کو مُنتشر کر دیا تھا۔"

20 پھر یَاھوِہ نے مُجھے چار کاریگر دِکھائے۔
21 مَیں نے دریافت کیا، ”یہ کیا کرنے کے لئے آ رہے ھیں؟“
یَاھوِہ نے جَواب دیا، ”یہ وہ سینگ ھیں جنھوں نے یہُودیہ کو اَیسا
مُنتشر کر دیا تھا تاکہ کوئی اَپنا سَر نہ اُٹھا سکے، لیکن یہ کاریگر اُنہیں
ڈرانے اَور اُن قوموں کے سینگوں کو تباہ کرنے آئے ھیں جنھوں نے
مُلک یہُودیہ کو مُنتشر کرنے کے لیٔے اُن کے خِلاف اَپنے سینگ
اُٹھائے تھے۔“

# 2

### جریب کے ساتھ ایک شخص

1 تَب مَیں نے نگاھیں اُٹھا کر دیکھا کہ ایک شخص ھاتھ میں پیمائشی
جریب لیٔے کھڑا ہے۔
2 مَیں نے اُس سے پُوچھا، ”تُم کہاں جا رہے ھو؟“
اُس نے مُجھے جَواب دیا، ”مَیں یروشلیمؔ کی پیمائش کرنے جا رہا ھُوں
تاکہ مَعلُوم ھو کہ اُس کی چوڑائی اَور لمبائی کتنی ہے۔“
3 تَب وہ فرشتہ جو میرے ساتھ گُفتگو کر رھاتھا، اُس دُوسرے
فرشتہ سے ملنے کو آگے بڑھا جو اُس کی طرف آ رھاتھا۔
4 اَور دُوسرے فرشتہ نے پہلے فرشتے سے کہا، ”فوراً اِس جَوان سے
کہہ، ’یروشلیمؔ اِنسان اَور حَیوان کی کثرت کے باعث بے فصیل شہروں
کی مانند ھوگا۔
5 مَیں خُود اُس کے چاروں طرف آگ کی دیوار بَن جاؤں گا‘ یہ
یَاھوِہ کا فرمان ہے، اَور ’اُس کے اَندر اُس کا جلال بنُوں گا۔‘

6 ”آؤ! آؤ! سُنو، شمالی سرزمین سے نکل بھاگو،“ یَاھوِہ اعلان کرتے
ھیں، ”کیونکہ جہاں تُم آسمان کی چاروں ھواؤں کی مانند مُنتشر کئے گئے
تھے،“ یَاھوِہ کا یہ فرمان ھے۔
7 ”اَے صِیّونؔ، آؤ! تُمھیں جو بابیل کی بیٹی کے ساتھ رہتی ھے، نکل
بھاگ!“
8 کیونکہ قادرمُطلق یَاھوِہ فرماتے ھیں، ”جِس نے مُجھے اَپنے جلال
کی خاطِر اُن قوموں کے خِلاف بھیجا ھے جنھوں نے تُمھیں لُوٹ لیا ھے،
کیونکہ جو کوئی تُمھیں چھُوتا ھے، وہ میری آنکھوں کی پُتلی کو چھُوتا
ھے۔
9 یقیناً مَیں اُن کے خِلاف اَپنا ھاتھ اُٹھاؤں گا تاکہ اُن کے غُلام اُنہیں
لُوٹ لیں۔ تَب تُم جانوگے کہ یَاھوِہ قادرمُطلق نے مُجھے بھیجا ھے۔
10 ”یَاھوِہ کا فرمان ھے، اَے میری بیٹی صِیّونؔ، بُلند آواز میں گاؤ
اَور شادمان ھو، کیونکہ مَیں آکر تمھارے درمیان سکونت کروں گا۔“
11 ”اُس دِن بہت سِی قومیں یَاھوِہ کے ساتھ مِل جائیں گی اَور وہ
میری اُمّت بَن جائیں گی۔ اَور مَیں تمھارے درمیان سکونت کروں گا،
اُس دِن تُم جان لوگے کہ قادرمُطلق یَاھوِہ نے مُجھے تمھارے پاس بھیجا
ھے۔
12 اَور یَاھوِہ مُقدّس مُلک میں یہُودیؔہ کو اَپنی مِیراث کا حِصّہ
ٹھہرائیں گے اَور یروشلیمؔ کو پھر سے مُنتخب کریں گے۔
13 اَے بنی آدمؔ یَاھوِہ کے حُضُور خاموش رہو کیونکہ وہ اَپنے مُقدّس
قِیام سے کُچھ خاص کام کرنے کو فوراً اُٹھے ھیں۔“

## اعلیٰ کاہِن کے لِئے صاف سُتھرا لباس

1 اُس نے مُجھے دِکھایا کہ اعلیٰ کاہِن یہوشُعؔ یاہوِہ کے فرشتے کے
سامنے کھڑا ہے اَور فرشتے کے داہنی طرف شیطان یہوشُعؔ کو مُجرم
ٹھہرانے کے لِئے کھڑا ہے۔
2 یاہوِہ نے شیطان سے کہا، ”اَے شیطان، مَیں یاہوِہ تُمہیں ملامت
کرتا ہوں، یاہوِہ جِس نے یروشلیمؔ کا اِنتخاب کیا ہے، تُمہیں ملامت کرتا
ہے۔ کیا یہ شخص آگ سے نکالی ہوئی جلتی ہُوئی لاٹھی کی مانند نہیں
ہے؟“
3 اِس وقت یہوشُعؔ مَیلے کپڑے پہنے ہُوئے فرشتے کے سامنے کھڑا
تھا۔
4 تَب یاہوِہ کے فرشتے نے اُن فرشتوں سے جو اُن کے سامنے کھڑے
تھے فرمایا، ”یہوشُعؔ کے مَیلے کپڑے اُتار دو۔“
تَب اُس نے یہوشُعؔ سے کہا، دیکھو، مَیں نے تمہارے گُناہوں کو
دُور کر دیا ہے اَور اَب مَیں تُمہیں نفیس پوشاک پہناؤں گا۔
5 تَب مَیں نے کہا، ”اُس کے سَر پر صَاف عمامہ رکھو،“ اَور اُنہُوں
نے اُس کے سَر پر صَاف عمامہ رکھا اَور پوشاک پہنائی اَور یاہوِہ کا
فرشتہ اُس کے پاس کھڑا رہا۔
6 اُس کے بعد یاہوِہ کے فرشتے نے یہوشُعؔ کو یہ تاکید کی،
7 ”قادرمُطلق یاہوِہ یُوں فرماتے ہیں، اگر تُم میری راہوں پر چلوگے
اَور میرے تقاضوں پر عَمل کروگے، تو میرے بیت المُقدّس پر حُکومت
کروگے اَور میری عدالت کے نگہبان ہوگے اَور مَیں تُمہیں اُن کے درمیان
جو یہاں پر کھڑے ہیں، آنے جانے کی اِجازت دُوں گا۔

8 " 'اَے اعلیٰ کاہِن، یہوشُعؔ، تُم اَور تمھارے ساتھی جو تمھارے
سامنے بیٹھے ہیں، وہ آنے والی باتوں کے بطور نِشان ہیں، مَیں اَپنے
خادِم یعنی شاخ کو لانے والا ہُوں۔
9 اُس پتّھر کو دیکھو، جسے مَیں نے یہوشُعؔ کے سامنے رکھا ہے،
اُس پتّھر میں سات آنکھیں ہیں، اَور مَیں اُس پر ایک کندہ کاری کروں
گا، قادرمُطلق یَاہوِہ فرماتے ہیں، اَور مَیں ایک ہی دِن میں اِس مُلک
کے گُناہوں کو دُور کر دُوں گا۔
10 " 'اُس دِن تُم میں سے ہر ایک اَپنے ہمسایہ کو انگور اَور اَنجیر کے
درخت کے نیچے رِفاقت کرنے کے لئے دعوت دے گا،' یہ قادرمُطلق
یَاہوِہ کا فرمان ہے۔"

# 4

## سونے کے چراغدان اَور زَیتُون کے دو درخت

1 پھر اُس فرشتہ نے جو مُجھ سے باتیں کر رہاتھا واپس آ کر مُجھے اَیسا
جگایا گویا کوئی نیند سے جگایا جاتا ہو۔
2 اُس نے مُجھ سے پُوچھا، "تُمھیں کیا دِکھائی دے رہاہے؟"

مَیں نے جَواب دیا، "مُجھے ایک خالص سونے کا چراغدان دِکھائی
دے رہاہے جِس کے اُوپر ایک پیالہ ہے، جِس میں سات چراغ ہیں
اَور اُن ساتوں چراغوں پر سات نالیاں ہیں۔
3 چراغدان کے پاس زَیتُون کے دو درخت بھی ہیں۔ ایک تو پیالے
کے دایئں طرف اَور دُوسرا بائیں طرف۔"

4 مَیں نے اُس فرشتے سے جو مُجھ سے گُفتگو کر رہاتھا پُوچھا، ”اَے
میرے آقا، یہ سَب کیا ہیں؟“
5 فرشتے نے جَواب دیا، ”کیا تُم نہیں جانتے کہ یہ کیا ہیں؟“

مَیں نے جَواب دیا، ”نہیں، میرے آقا۔“

6 تَب فرشتے نے مُجھ سے کہا، ”زرُبّابِل کے لِئے یہ یَاہوِہ کا کلام
ہے: ’نہ طاقت سے اَور نہ تو قُوّت سے بَلکہ میری رُوح سے ہوگا۔‘ یہ
قادرمُطلق یَاہوِہ کا فرمان ہے۔

7 ”اَے بڑے پہاڑ تُو کیا ہے؟ زرُبّابِل کے سامنے تُو ہموار میدان ہو
جائے گا اَور تَب وہ چوٹی کا پتّھر یہ پُکارتے ہُوئے آئے گا، ’اُس پر
خُدا کی رحمت ہو، اُس پر خُدا کی رحمت ہو!‘ “
8 پھر یَاہوِہ کا کلام مُجھ پر نازل ہُوا،
9 ”زرُبّابِل کے ہاتھوں نے اِس بیت المُقدّس کی بُنیاد ڈالی ہے اَور
اُسی کے ہاتھ سے یہ کام پُورا ہوگا۔ تَب تُم جانوگے کہ قادرمُطلق یَاہوِہ
نے مُجھے تمہارے پاس بھیجا ہے۔

10 ”اِن دِنوں میں ہونے والے چُھوٹے شروعاتی کام کو حقیر مت
جانو؟ کیونکہ یَاہوِہ کی وہ سات آنکھیں جو ساری زمین کی سَیر کرتی
ہیں، خُوشی سے اِس کام کی شروعات ہوتے ہُوئے اَور اُس ساھول
کو جو زرُبّابِل کے ہاتھ میں ہے دیکھ کر شادمان ہوتی ہے؟“

11 پھر مَیں نے فرشتہ سے پُوچھا، ”یہ دونوں زَیتُون کے درخت جو
چراغدان کے داہنے بائیں ہیں، کیا ہیں؟“

12 مَیں نے دوبارہ اُس سے پُوچھا، ”زَیتُون کی یہ دو شاخیں کیا ہیں
جو سونے کی دو نلیوں کے مُتّصل ہیں اَور جِن میں سے سُنہرا تیل نکل
رہا ہے؟“
13 فرشتہ نے جَواب دیا، ”کیا تُمہیں نہیں مَعلُوم کہ یہ کیا ہیں؟“
مَیں نے کہا، ”نہیں، میرے آقا۔“
14 فرشتہ نے جَواب دیا، ”یہ وہ دو آسمانی مخلُوق ہیں جو تمام زمین
کے مالک کی خدمت کے لِئے مَسح کئے گئے ہیں۔“

# 5

## اُڑتا ہُوا طُومار

1 مَیں نے پھر دیکھا کہ میرے سامنے ایک اُڑتا ہُوا طُومار ہے۔
2 فرشتہ نے مُجھ سے پُوچھا، ”تُمہیں کیا دکھائی دے رہا ہے؟“
مَیں نے جَواب دیا، ”مُجھے ایک اُڑتا ہُوا طُومار دکھائی دے رہا ہے،
جِس کی لمبائی بیس ہاتھ* اَور چوڑائی دس ہاتھ† ہے۔“
3 تَب فرشتہ نے مُجھ سے کہا، ”یہ وہ لعنت ہے جو تمام دُنیا پر نازل
ہونے کو ہے؛ اُس کی ایک طرف کی تحریر کے مُطابق ہر ایک چور
جَلاوطن کیا جائے گا اَور اُس کی دُوسری طرف کی تحریر کے مُطابق
جو کوئی جھُوٹی قَسم کھاتا ہے وہ سزا کے طور پر جَلاوطن ہوگا۔
4 قادرمُطلق یَاھوِہ یہ اعلان کرتے ہیں، ’ہیں اِس لعنت کو ہر ایک
چور کے گھر میں اَور ہر ایک اُس شخص کے گھر میں بھیج رہا ہُوں
جو میرے نام کی جھُوٹی قَسم کھاتا ہے۔ اَور میری یہ لعنت اُس گھر

* **5:2** لمبائی بیس ہاتھ تقریباً نَو میٹر † **5:2** چوڑائی دس ہاتھ تقریباً ساڑھے چار میٹر

میں قائم رہے گی اَور اُس گھر کو اُس کی لکڑی اَور پتّھر سمیت برباد
کر دے گی۔‘ “

## ایک ٹوکری میں عورت

5 تَب وہ فرشتہ جو مُجھ سے گُفتگو کر رہاتھا، سامنے آ کر مُجھ سے
کہا، نگاہیں اُٹھا کر، ”دیکھو کہ کیا ظاہر ہو رہا ہے۔“
6 مَیں نے پُوچھا، ”یہ کیا ہے؟“
اُس نے جَواب دیا، ”یہ اناج ناپنے کی ایک ٹوکری ہے۔“ اُس نے
پھر کہا، ”اِس ٹوکری میں مُلک کے سَب لوگوں کے گُناہ بھرے ہیں۔“
7 تَب سیسے کا سرپوش اُٹھایا گیا اَور ایک عورت ٹوکری میں بیٹھی
ہُوئی تھی۔
8 چنانچہ اُس فرشتہ نے کہا، ”یہ بدکاری کی شَبیہ ہے اَور اُس نے
اُس عورت کو پھر ٹوکری میں دبا دیا،“ اَور سیسے کے سرپوش سے
ڈھک دیا۔
9 تَب مَیں نے نگاہیں اُٹھا کر دیکھا کہ میرے سامنے دو عورتیں تھیں،
جو اَپنے پروں سے ہَوا میں اُڑ رہی تھیں، اُن کے پر سارس کے پروں کی
مانند لمبے تھے اَور وہ اُس ٹوکری کو آسمان اَور زمین کے درمیان اُٹھا کر
اُڑ گئیں۔
10 مَیں نے اُس فرشتے سے پُوچھا، یہ ٹوکری کو کہاں لے جا رہی
ہیں؟
11 اُس نے جَواب دیا، ”مُلک بابیل کو جہاں وہ اِس کے لئے ایک
گھر تعمیر کرے گا اَور جَب وہ تیّار ہو جائے تو اُس میں یہ ٹوکری
رکھی جائے گی۔“

# 6

## چار رتھ

1 مَیں نے پھر نگاھیں اُٹھا کر دیکھا کہ میرے سامنے دو پہاڑوں کے
درمیان سے چار رتھ نکل کر آ رہے تھے۔ اَور یہ پہاڑ کانسے کے تھے۔
2 پہلے رتھ کے گھوڑے لال، دُوسرے کے سیاہ،
3 تیسرے کے سفید اَور چوتھے رتھ کے گھوڑے چتکبرے تھے جو
سَب کے سَب بڑے طاقتور تھے۔
4 مَیں نے اُس فرشتے سے جو مُجھ سے کلام کر رھاتھا پُوچھا، "اَے
میرے آقا، یہ کیا ھیں؟"
5 فرشتہ نے جَواب دیا، "یہ آسمان کی چار رُوحیں ھیں جو ساری
دُنیا کے مالک کی حُضُوری میں کھڑی رھتی ھیں لیکن اِس وقت وہ
اَپنے مالک کی مرضی پُوری کرنے باھر جا رھی ھیں۔
6 سیاہ گھوڑوں والا رتھ شمالی مُلک کی طرف اَور سفید گھوڑوں
والا مغربی مُلک کی طرف، چتکبرے گھوڑوں والا جُنوبی مُلک کی
طرف جا رہے ھیں۔"
7 یہ طاقتور گھوڑے باھر نکل کر ساری دُنیا میں سَیر کرنے کے لِئے
جوش میں تھے! اِس لِئے یَاھوِہ نے فرمایا، "جاؤ، اَور ساری دُنیا کی
سَیر کرو!" چنانچہ وہ دُنیا کی سَیر کرنے نکل پڑے۔
8 تَب یَاھوِہ نے بہ آواز بُلند مُجھے پُکار کر فرمایا، "دیکھو، جو شمالی
مُلک کی طرف گیٔے ھیں، اُنھوں نے شمالی مُلک میں میری رُوح کو
سکون دیا ہے۔"

## یہوشُعؔ کے لِئے تاج

9 پھر یَاھوِہ کا کلام مُجھ پر نازل ھُوا:

10 ”تُم آج ھی حلدائی، طُوبیاہؔ اَور یدعیاہؔ کے پاس جاؤ، جو بابیل کی
جَلاوطنی سے یُوشیاہؔ بِن صفنیاہؔ کے گھر میں آئے ھیں۔
11 اُن کے ھاتھ سے سونا چاندی لے کر ایک تاج بناؤ اَور اُس تاج
کو یہوشُعؔ بِن یہُوصدقؔ اعلیٰ کاہِن کو پہناؤ۔
12 اَور اُس سے کہو، قادرمُطلق یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں، ’دیکھو، وہ
شخص جِس کا نام شاخ ھے وہ اَپنی ھی جگہ سے ایک شاخ کی مانند
نکل کر یَاھوِہ کے بیت المُقدّس کو تعمیر کرے گا۔
13 یہ وُھی ھے جو یَاھوِہ کے بیت المُقدّس کی تعمیر کرے گا اَور
وہ شاھی پوشاک پہنے گا اَور تخت نشین ھوکر حُکومت کرے گا اَور وہ
ایک کاہِنؔ کے طور پر بھی خدمت کرے گا اَور اُس کے دونوں کِردار
میں مُوافقت ھوگی۔‘
14 اَور یَاھوِہ کے بیت المُقدّس میں اِس تاج کو بطور یادگار حلدائی
طُوبیاہؔ یدعیاہؔ اَور حینؔ بِن صفنیاہؔ کو دیا جائے گا۔
15 تَب لوگ دُور دراز سے آئیں گے اَور یَاھوِہ کے بیت المُقدّس کو
تعمیر کرنے میں مدد کریں گے، تَب تُم جانوگے کہ قادرمُطلق یَاھوِہ
نے مُجھے تمہارے پاس بھیجا ھے۔ اَور اگر تُم اَپنے پُورے دِل سے یَاھوِہ
اَپنے خُدا کی فرمانبرداری کروگے، تو یہ باتیں پُوری ھُوں گی۔“

# 7

## اِنصاف اَور رحم، روزہ نہیں

1 داریاویشؔ بادشاہ کی حُکومت کے چوتھے سال کے نویں مہینے، یعنی
کہ کِسلیو مہینے کی چوتھی تاریخ کو یَاھوِہ کا یہ کلام زکریاؔہ پر نازل
ھُوا۔
2 بیت ایل کے باشِندوں نے شاریضرؔ اَور رِگیمؔ مِلکؔ اَور اُن کے
ساتھیوں کو یَاھوِہ سے درخواست کریں۔
3 اَور قادرمُطلق یَاھوِہ کے گھر کے کاھِنوں اَور نبیوں سے پُوچھیں،
”کیا ہم پانچویں مہینے میں ماتم کریں اَور روزہ رکھیں کہ نہیں، جَیسا کہ
ہم کئی سالوں سے کرتے آ رہے ھیں؟“
4 تَب قادرمُطلق یَاھوِہ کا کلام مُجھ پر نازل ھُوا:
5 ”مُلک کے سَب لوگوں اَور کاھِنوں سے پُوچھو، ’جَب تُم نے پانچویں
اَور ساتویں مہینے میں گُزرے ستّر برسوں تک روزہ رکھا اَور ماتم کیا تو
کیا حقیقت میں تُم نے میرے ھی لِئے روزہ رکھا تھا؟
6 اَور جَب تُم کھاتے اَور پیتے تھے تو کیا تُم یہ سَب اَپنے ھی لئے نہیں
کرتے تھے؟
7 کیا یہ وُھی کلام نہیں جو یَاھوِہ نے گذشتہ نبیوں کی مَعرفت فرمایا
تھا جَب یروشلیمؔ اَور گِردونواح کے شہر پُراَمن اَور خُوشحال تھے اَور جُنوب
کی سرزمین اَور نیگیوؔ کی پہاڑیاں آباد تھیں؟‘ “
8 تَب یَاھوِہ کا کلام پھر زکریاؔہ پر نازل ھُوا:
9 ”قادرمُطلق یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں، ’راستی سے عدالت کرو اَور ھر
شخص دُوسرے شخص پر رحم و کرم کیا کرے۔
10 بیواؤں اَور یتیموں، پردیسوں اَور مسکینوں پر ظُلم نہ کرو۔ ایک

دُوسرے کے خِلاف اَپنے دِل میں بُرا منصُوبہ نہ باندھو۔‘
11 ”لیکن اُنہُوں نے اِن باتوں پر کچھ غور نہیں کیا بَلکہ گردن کشی
کرکے اَپنے کانوں کو بند کر لیا۔
12 اُنہُوں نے اَپنے دِلوں کو سنگِ ھیرا کی مانند سخت کر لیا تا کہ
شَریعت کی باتیں یا کلام کو نہ سُنیں جسے یَاھوِہ نے گذشتہ نبیوں
پر اَپنی رُوح کی مَعرفت نازل کیا تھا۔ اِس لئے قادرمُطلق یَاھوِہ سخت
ناراض ھُوئے۔
13 ” ’جَب مَیں نے پُکارا تو اُنہُوں نے نہیں سُنا، اِس لئے جَب وہ
پُکاریں گے تو مَیں بھی نہیں سُنوں گا،‘ قادرمُطلق یَاھوِہ فرماتے ھیں۔
14 ’مَیں نے اُنہیں ھَوا کے بگولوں کے ساتھ ساری قوموں میں جِن
کے درمیان وہ پردیسی تھے اُنہیں پراگندہ کر دیا۔ اُن کے بعد مُلک
اَیسا ویران ھُوا کہ کسی نے وھاں آمدورفت نہ کی۔ کیونکہ اُنہُوں نے
دلکش مُلک کو ویران کر دیا۔‘ “

# 8

## یروشلیمؔ کو برکت کا وعدہ

1 قادرمُطلق یَاھوِہ کا کلام پھر مُجھ پر نازل ھُوا،
2 قادرمُطلق یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں، ”مُجھے صِیّونؔ کے لئے بڑی غیرت
ھے۔ مَیں اُس کے لئے غیرت سے جَل رہا ھُوں۔“
3 یَاھوِہ فرماتے ھیں: ”مَیں صِیّونؔ کو واپس آؤں گا اَور یروشلیمؔ میں
سکونت کروں گا۔ تَب یروشلیمؔ وفا کا شہر کہلائے گا اَور قادرمُطلق
یَاھوِہ کا پہاڑ مُقدّس پہاڑ کہلائے گا۔“

4 قادرِمُطلق یَاھوِہ فرماتے ھیں: ”ایک بار پھر یروشلیمؔ کی گلیوں میں
عمر رسیدہ مَرد اَور عورتیں اَپنے ھاتھوں میں بُڑھاپے کے باعث لاٹھی
لئے ھُوئے پھر بیٹھیں گے۔
5 اَور شہر کی گلیاں وھاں کھیلتے ھُوئے لڑکے اَور لڑکیوں سے گلزار
ھُوں گی۔“

6 قادرِمُطلق یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں، ”اُس وقت اِن لوگوں کے باقی
بچے ھوؤں کی نظر میں یہ حیرت اَنگیز مَعلُوم ھوگا لیکن کیا یہ کام میرے
لئے حیرت اَنگیز لگے گا؟“ یہ قادرِمُطلق یَاھوِہ کا فرمان ھے۔

7 قادرِمُطلق یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں، ”مَیں اَپنے لوگوں کو مشرق اَور
مغرب کے لوگوں سے بچاؤں گا۔
8 مَیں اُنہیں یروشلیمؔ میں سکونت کرنے کے لئے واپس لاؤں گا۔ وہ
میرے لوگ ھوں گے اَور مَیں وفا اَور راستی سے اُن کا خُدا ھُوں گا۔“

9 قادرِمُطلق یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں، ”اَے لوگوں اَب تُم اِس کلام
کو سُنو، تُم اَپنے ھاتھوں کو مضبُوط کرو تا کہ بیت المُقدّس کی تعمیر ھو
سکے۔ یہی کلام اُن نبیوں کی مَعرفت بھی فرمایا گیا تھا جو اُس وقت
قادرِمُطلق یَاھوِہ کے گھر کی بُنیاد ڈالتے وقت وھاں مَوجُود تھے۔
10 اُن دِنوں سے پہلے نہ اِنسان کے لئے مزدُوری تھی نہ جانوروں کے
لئے کرایہ تھا اَور نہ دُشمنوں کے سبب سے کوئی سلامتی کے ساتھ اَپنے
کام کاج پر جا سَکتا تھا، کیونکہ اُن کے چاروں طرف دُشمن مَوجُود
تھے۔
11 لیکن اَب مَیں اِن لوگوں کے باقی بچے ھوؤں کے ساتھ پہلے کی

طرح پیش نہ آؤں گا۔ یہ قادرمُطلق یَاھوِہ کا فرمان ہے۔
12 ”بیج کثرت کے ساتھ اُگے گا۔ انگور کے باغ میں خُوب پھل
لگے گا، زمین فصل دے گی اَور آسمان سے شبنم گِرے گی۔ مَیں اِن
لوگوں کے باقی بچے ہوؤں کو اِن سَب برکتوں کا وارِث بناؤں گا۔
13 اَے بنی یہُوداہؔ اَور اَے بنی اِسرائیل، جِس طرح کہ تُم دُوسری
قوموں کے درمیان لعنت کا باعث بَن گئے ہو، اِسی طرح مَیں تُم کو
بچاؤں گا اَور تُم برکت کا باعث بنوگے۔ خوف نہ کرو بَلکہ تمہارے
ہاتھ مضبُوط ہوں۔“
14 قادرمُطلق یَاھوِہ فرماتے ہیں، ”جِس طرح جَب تمہارے
آباؤاَجداد نے مُجھے غضبناک کیا تھا، تو مَیں نے تُم پر رحم نہ کرنے
اَور بربادی کا قصد کیا تھا،“ یہ قادرمُطلق یَاھوِہ کا فرمان ہے۔
15 پس اَب مَیں نے یروشلیمؔ اَور یہُوداہؔ کے ساتھ بھلائی کرنے کا
اِرادہ کیا ہے۔ اِس لئے ڈرو مت۔
16 پھر لازِم ہے کہ تُم اِن باتوں پر عَمل کرو۔ تُم میں سے ہر ایک
اَپنے ہمسائے سے سچ بولو، اَور اَپنی عدالتوں میں سچّے اَور منصفانہ فیصلے
کیا کرو تاکہ سلامتی ہو۔
17 یَاھوِہ فرماتے ہیں، تُم میں سے کوئی اَپنے پڑوسی کے خِلاف بُرا
منصُوبہ نہ باندھو، اَور جھُوٹی قَسم کو عزیز نہ رکھو۔ مَیں اِن سَب باتوں
سے نفرت رکھتا ہُوں۔
18 قادرمُطلق یَاھوِہ کا کلام مُجھ پر پھر نازل ہُوا۔
19 قادرمُطلق یَاھوِہ یُوں فرماتے ہیں، ”چوتھے، پانچویں، ساتویں اَور

دسویں مہینے کا روزہ بنی یہوداہ کے لئے خُوشی اَور مسرّت کی عیدیں
ہوں گی۔ اِس لئے تُم سچّائی اَور سلامتی کو عزیز رکھو۔“
20 قادرمُطلق یَاہوِہ یُوں فرماتے ہیں، ”بہت سِی قومیں اَور بڑے بڑے
شہروں کے باشِندے آئیں گے۔
21 اَور ایک شہر کے باشِندے دُوسرے شہر میں جا کر کہیں گے،
’چلو فوراً جا کر یَاہوِہ سے درخواست کریں اَور قادرمُطلق یَاہوِہ کی
تلاش میں رہو، کیونکہ مَیں وہاں خُود بھی جا رہا ہُوں۔‘
22 اَور بہت سِی اُمّتیں اَور زبردست قومیں یروشلیمؔ میں آئیں گی اَور
قادرمُطلق یَاہوِہ کی طالب ہوں گی اَور اُن سے فریاد کریں گی۔“
23 قادرمُطلق یَاہوِہ یُوں فرماتے ہیں، ”اُن دِنوں میں سَب زبانوں اَور
قوموں میں کے دس آدمی مضبُوطی کے ساتھ ایک یہُودی کا دامن پکڑیں
گے اَور کہیں گے، ’ہم تمہارے ساتھ چلیں گے کیونکہ ہم نے سُنا
ہے کہ خُدا تمہارے ساتھ ہے۔‘ “

## 9

### بنی اِسرائیل کے دُشمنوں پر سزا

1 ایک نبوّت،
حدراکؔھ مُلک کے خِلاف یَاہوِہ کا کلام۔
جو دَمشق پر بھی سچ ثابت ہوگا،
کیونکہ سَب لوگوں اَور بنی اِسرائیل کے سَب قبیلوں کی آنکھیں
یَاہوِہ پر لگی ہُوئی ہیں۔
2 اَور حماتؔ کی تباہی پکّی ہے جو دَمشق کی سرحد پر ہے،

اَور صُورؔ اَور صیدونؔ کی تباھی بھی جو بہت عقلمند ھیں۔
3 صُورؔ نے اَپنے لِئے ایک مضبُوط قلعه بنایا ھے؛
اُس نے چاندی کو مٹّی کی مانند،
اَور سونے کو گلیوں کی کیچڑ کی مانند انبار لگا رکھا ھے۔
4 لیکن خُداوؔند اُس کی تمام دولت چھین لیں گے
اَور اُن کے قلعوں کو تباہ کرکے سمُندر میں ڈال دیں گے،
اَور وہ شہر آگ میں جَل کر خاک ھو جائے گا۔
5 اشقلونؔ اُسے دیکھ کر ڈر جائے گا،
غزّہؔ سخت درد میں مُبتلا ھوگا،
اَور عقرونؔ کی بھی یہی حالت ھوگی، کیونکه اُس کی اُمّید ٹُوٹ
جائے گی۔
غزّہؔ کی بادشاھت ختم ھو جائے گی
اَور اشقلونؔ ویران ھو جائے گا۔
6 اجنبی لوگ اشدُودؔ پر قابض ھوں گے،
اَور مَیں فلسطینیوں کا غُرور مٹا دُوں گا۔
7 مَیں اُن کے مُنه سے خُون کو،
اَور اُن کے دانتوں کے درمیان سے مکرُوہ غِذا کو نکال ڈالوں گا۔
تَب اُن میں سے بچے ھُوئے فلسطینی ھمارے خُدا کے لوگ ھوں گے
اَور وہ یہُودیؔه میں رھنما ھوں گے،
اَور بنی عقرونؔ یبُوسیوں کی مانند ھوں گے۔
8 لیکن مَیں اَپنے بیت المُقدّس کو
غارت گِر فَوجوں سے بچانے کو خیمه زن ھوں گا۔

پھر کوئی ظالِم ہرگز میرے لوگوں کو نِیست و نابود نہیں کر سکے گا،
کیونکہ اَب میری نگاہ میری اُمّت پر ہے۔

## صِیّونؔ کے بادشاہ کی آمد

9 اَے صِیّونؔ کی بیٹی، نہایت خُوش ہو!
اَے یروشلیمؔ کی بیٹی، فتح کا نعرہ لگاؤ!
دیکھو، تمہارا بادشاہ تمہارے پاس آ رہا ہے،
وہ صادق اَور فتح مند ہے،
وہ حلیم ہے اَور گدھے پر،
بَلکہ گدھی کے بچّے پر سوار ہے۔
10 مَیں اِفرائیمؔ سے رتھوں کو
اَور یروشلیمؔ سے جنگی گھوڑوں کو فنا کر دُوں گا،
جنگی کمان توڑ ڈالی جائے گی۔
اَور وہ قوموں کو صُلح کی خُوشخبری دے گا۔
اَور اُس کی سلطنت سمُندر سے سمُندر تک
اَور دریائے فراتؔ سے لے کر زمین کی اِنتہا تک ہوگی۔
11 اَور جہاں تک تمہاری بات ہے، تمہارے ساتھ میرے عہد کے خُون کے سبب سے،
مَیں تمہارے اسیروں کو موت کے اَندھے کنویں سے نکال لاؤں گا۔
12 اَے اُمّیدوار غُلاموں، اَپنے محفوظ قلعہ میں واپس لَوٹ آؤ؛
مَیں آج یہ اعلان کرتا ہُوں کہ مَیں تُمہیں اِس کے بدلے دُگنی برکت دُوں گا۔

13 کیونکہ مَیں یہُودیہ کو اَپنی کمان کی مانند،
اَور اِفرائیمؔ کو اُس پر تیر کی مانند لگا کر اِستعمال کروں گا۔
اَے صِیّونؔ، مَیں تمہارے فرزندوں کو
یُونانؔ کے فرزندوں کے خِلاف،
اَور تُمہیں سُورما کے تلوار کی مانند بناؤں گا۔

## یَاہوِہ کا ظاہر ہونا

14 تَب یَاہوِہ اُن پر ظاہر ہوں گے؛
اَور یَاہوِہ کے تیر بجلی کی مانند نکلیں گے۔
یَاہوِہ قادر یَاہوِہ نرسنگا پھُوکیں گے؛
وہ جُنوبی طُوفان کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔
15 اَور قادرمُطلق یَاہوِہ اُن کی حِفاظت کریں گے۔
اَور وہ اَپنے دُشمنوں کو تباہ کر دیں گے
اَور اُن کے فلاخن کے پتّھروں کو پامال کریں گے۔
وہ پیئیں گے اَور اَیسا شور مچائیں گے جَیسے لوگ مَے نوشی کرکے شور مچاتے ہیں؛
وہ اُس پیالے کی مانند لبریز ہوں گے
جو مذبح کے کونوں پر چھڑکنے کے لئے اِستعمال ہوتا ہے۔
16 جَیسے ایک چرواہا اَپنے ریوڑ کے جھُنڈ کی حِفاظت کرتا ہے
وَیسے ہی یَاہوِہ اُن کے خُدا اُس دِن اَپنی اُمّت کی حِفاظت کریں گے۔
وہ اُن کے مُلک میں اَیسے چمکیں گے

جَیسے تاج میں جڑے ہُوئے جواھرات چمکتے ھیں۔
17 وہ کس قدر پُر کشش اَور حسین ھوں گے!
کہ نوجوان اناج کھا کر،
اَور لڑکیاں نئی مَے پی کر صحت مند ھو جائیں گے۔

# 10

## یَاھوِہ کی یہُودیہؔ کی نگہبانی

1 یَاھوِہ سے دعا کرو کہ وہ موسمِ بہار کی بارش بھیجیں؛
یَاھوِہ ھی بادلوں کو گرجاتے اَور طُوفان لاتے ھیں۔
وہ سَب اِنسانوں کو بارش مُہیّا کرتے
اَور سَب کے کھیت میں فصل اُگاتے ھیں۔
2 کیونکہ خانگی معبُود فریبی مشورہ دیتے ھیں،
اَور غیب بین جھُوٹی رُویا دیکھتے ھیں؛
وہ اَیسے خواب بیَان کرتے ھیں جو جھُوٹے ھیں،
اَور اُن کی تسلّی بے حقیقت ھے۔
اِس لئے لوگ بھیڑوں کی مانند بھٹک جاتے ھیں
اَور اُن کا کوئی چرواھا نہ ھونے کی وجہ سے دُکھ پاتے ھیں۔

3 میرا غضب چرواھوں پر بھڑک رہا ھے،
اَور مَیں رہنماؤں کو سزا دُوں گا؛
کیونکہ قادرِمُطلق یَاھوِہ اَپنی ریوڑ
یعنی بنی یہُوداہؔ کا خیال کریں گے۔
اَور اُنہیں جنگ میں قابل فخر جنگی گھوڑے کی مانند بنائیں گے۔

4 بنی یہُوداہ میں سے کونے کا پتّھر،
خیمے کی میخ،
جنگی کمان،
اَور سارے حاکم نکلیں گے۔
5 وہ ایک ساتھ جنگ میں اُن سُورماؤں کی مانند ہوں گے
جو جنگ میں اَپنے دُشمنوں کو گلیوں کی کیچڑ کی مانند روندیں گے۔
کیونکہ یَاہوِہ اُن کے ساتھ ہیں،
اِس لئے وہ بہادری سے جنگ لڑیں گے اَور دُشمنوں کے گُھڑسواروں کو سراسیمہ کر دیں گے۔

6 مَیں بنی یہُوداہ کو مضبُوط کروں گا
اَور یُوسیفؔ کے قبیلوں کو رِہائی بخشوں گا۔
مَیں اُن کو واپس لاؤں گا
کیونکہ مَیں اُن پر رحم کرتا ہُوں۔
وہ اَیسے ہو جائیں گے
گویا مَیں نے اُن کو کبھی ترک ہی نہیں کیا تھا،
کیونکہ مَیں یَاہوِہ اُن کا خُدا ہُوں
اَور مَیں اُن کی دُعا کو سُنوں گا۔
7 بنی اِفرائیمؔ زبردست سُورما کی مانند ہوں گے،
اَور اُن کا دِل اَیسے شادمان ہوگا جَیسے مَے نوشی کرنے سے ہوتا ہے۔
اُن کی اَولاد اِسے دیکھے گی اَور شادمان ہوگی

اَور اُن کے دِل یَاھوِہ میں خُوش ہوں گے۔
8 مَیں اُنہیں اِشارہ کرکے
جمع کروں گا۔
اَور یقیناً اُن کا فدیہ دے کر اُنہیں چُھڑاؤں گا؛
وہ پہلے کی طرح بے شُمار ہو جائیں گے۔
9 اگرچہ مَیں نے اُنہیں قوموں میں مُنتشر کیا تھا،
تو بھی وہ دُور کے مُلکوں میں مُجھے یاد کریں گے۔
وہاں وہ اَور اُن کی اَولاد زندہ بچے رہیں گے،
اَور وہ واپس آئیں گے۔
10 مَیں اُنہیں مُلک مِصر سے واپس لاؤں گا،
اَور اُنہیں مُلک اشُور سے جمع کروں گا۔
مَیں اُنہیں گِلعادؔ اَور لبانونؔ کی سرزمین میں پھر بساؤں گا،
اَور اُنہیں اِتنا بڑھاؤں گا کہ اُن کے لِئے جگہ کی گنجائش نہ رہے
گی۔
11 وہ مُصیبت کے سمُندر سے گزر جائیں گے،
اَور اُن کی خاطِر سمُندر کی لہریں تھم جائیں گی،
اَور دریائے نیل تہہ تک سُوکھ جائے گی۔
اَور مُلکِ اشُور کا غُرور توڑ دیا جائے گا
اَور مُلکِ مِصر کا شاہی عصا کا خاتِمہ ہو جائے گا۔
12 یَاھوِہ کا فرمان ہے،
مَیں اُنہیں خُود کو مضبُوط کروں گا،
اَور وہ یَاھوِہ کے نام میں بحِفاظت سکونت کریں گے۔

# 11

1 اَے لبانونؔ، اَپنے دروازوں کو کھولو
تاکہ آگ تمہارے دیوداروں کو بھسم کرے!
2 اَے صنوبر کے درخت ماتم کرو کیونکہ دیودار تباہ ہو گئے؛
اَور شاندار درخت غارت ہو گئے ہیں!
اَے باشانؔ کے بلُوطوں، نوحہ کرو؛
کیونکہ گھنے جنگل کاٹ ڈالے گئے ہیں!
3 چرواہوں کے نوحے کی آواز سُنو؛
اُن کی شاندار چراگاہیں برباد ہو گئیں!
شیروں کی گرج سُنو؛
یردنؔ کا جنگل برباد ہو گیا۔

## دو چرواہے

4 یَاہوِہ میرے خُدا یُوں فرماتے ہیں، ”جِن بھیڑوں کو قتل کرنے
کے لئے نِشان دہی کی گئی ہے اُن کی چرواہی کر۔
5 اُن کے خریدار اُنہیں ذبح کرتے ہیں اَور سزا نہیں پاتے، اَور اُن کے
بیچنے والے کہتے ہیں، ’یَاہوِہ کی تمجید ہو کہ ہم مالدار ہو گئے!‘ اُن کے
اَپنے چرواہے اُن پر رحم نہیں کرتے۔
6 مَیں اَب اِس مُلک کے باشِندوں پر اَور رحم نہیں کروں گا،“ یَاہوِہ
کا فرمان ہے۔ ”مَیں ہر شخص کو اُن کے ہمسایہ اَور اُن کے بادشاہ کے
حوالہ کر دُوں گا اَور وہ اُس مُلک کو تباہ کر دیں گے اَور مَیں اُنہیں
اُن کے ہاتھ سے نہیں چھڑاؤں گا۔“

7 پس مَیں اُن نِشان دھی ریوڑوں کو جو قتل ھونے کو تھیں، خاص
کر ریوڑ کے اُن جانوروں کی جِن کے اُوپر ظُلم ھو رھاتھا ریوڑ کو چُرایا
کرتا تھا۔ تَب مَیں نے دو لاٹھیاں لیں، اَور اُن میں سے ایک کا نام فضل
اَور دُوسری کا اِتّحاد رکھا اَور مَیں خُود رِیوڑ کی نگھبانی کرنے لگا۔
8 اُس کے بعد ایک ماہ کے اَندر ھی مَیں نے تین چرواھوں کو کام
سے ھٹا دیا۔
لیکن میری جان اُن سے بیزار تھی اَور ریوڑ کے جھُنڈ مُجھ سے بےحد
نفرت کرنے لگے۔
9 تَب مَیں نے اُن سے کہا، "اَب مَیں تمھارا چرواھا نہیں رھُوں گا۔
مرنے والا مَر جائے اَور ھلاک ھونے والا ھلاک ھو اَورجو بچے
ھُوئے ھیں وہ ایک دُوسرے کا گوشت کھائیں۔"
10 تَب مَیں نے فضل نامی لاٹھی کو لیا اَور اُسے توڑ ڈالا تا کہ مَیں
اَپنے اُس عھد کو جو سَب قوموں سے کِیا تھا منسُوخ کر دُوں۔
11 وہ عھد اُسی دِن منسُوخ ھو گیا اَور ریوڑ کے مظلوموں نے جو
مُجھے دیکھ رھے تھے، سمجھ گئے کہ یہ یَاھوِہ کا کلام ھے۔
12 تَب مَیں نے اُن سے کہا، "اگر تُم ٹھیک سمجھتے ھو تو تُم میری
مزدُوری مُجھے دے دو؛ مگر نہیں دینا چاھتے ھو تو مت دو۔" تَب اُنھُوں
نے میری مزدُوری کے چاندی کے تیس سِکّے مُجھے دئیے۔
13 تَب یَاھوِہ نے مُجھ سے فرمایا، "اِس رقم کو کُمھار کے سامنے
پھینک دو،" یعنی اُس بڑی قیمت کو جو اُنھُوں نے میرے لِئے ٹھھرائی
تھی۔ اِس لِئے مَیں نے اُن چاندی کے تیس سِکّوں کو لے کر یَاھوِہ
کے گھر کے صحن میں کُمھار کے سامنے پھینک دیا۔

14 تب مَیں نے یہُودیہ اَور بنی اِسرائیل کے اُس برادرانہ رشتے کو ختم
کرتے ہُوئے دُوسری لاٹھی کو جو اِتّحاد کہلاتی تھی، توڑ دیا۔
15 تب یاہوِہ نے مُجھ سے فرمایا، ”ایک بےوقُوف چرواہے کا سامان
پھر سے لے لو۔
16 کیونکہ مَیں اِس مُلک میں ایک اَیسا چرواہا برپا کروں گا، جو
بھٹکے ہُوئے کا خیال نہیں کرے گا، نہ جَوانوں کی تلاش کرے گا نہ
زخمی کا علاج کرے گا، اَور نہ تندرستوں کو چَرائے گا بلکہ اَپنی مَن
پسند موٹی تازی بھیڑوں کا گوشت کھائے گا اَور اُن کے کھُروں کو
چیر ڈالے گا۔
17 ”اُس نکمّے چرواہے پر ہائے،
جو ریوڑ کو چھوڑکر بھاگ جاتا ہے!
کاش تلوار اُس کے بازو اَور داھنی آنکھ پر چلے!
اُس کا بازو بالکُل سُوکھ جائے!
اَور وہ اَپنی داھنی آنکھ سے بالکُل نابینا ہو جائے!“

# 12

## یروشلیمؔ کے دُشمنوں کا خاتمہ

1 بنی اِسرائیل کی بابت یاہوِہ کی نبُوّت۔

یاہوِہ جو آسمان کو پھیلانے والے اَور زمین کی بُنیاد ڈالنے والے
اَورجو اِنسان کے اَندر اُس کی رُوح پیدا کرتے ہیں، وہ یُوں فرماتے
ہیں،

2 ”مَیں یروشلیمؔ کو اُس کے اِردگرد کے سَب لوگوں کے لِئے ایک
لڑکھڑا دینے والا پیالہ بناؤں گا۔ یہُودیہ اَور یروشلیمؔ کا محاصرہ کیا جائے
گا۔
3 اُس روز جَب دُنیا کی ساری قومیں یروشلیمؔ کے مقابل جمع ہوں
گی، تو مَیں یروشلیمؔ کو ساری قوموں کے لِئے جنبش نہ کھانے والی
چٹّان بنا دُوں گا۔ وہ سَب جو اُس کو ہٹانے کی کوشش کریں گے،
خُود زخمی ہو جائیں گے۔
4 یَاہوِہ فرماتے ہیں کہ اُس روز مَیں ہر گھوڑے کو خوفزدہ اَور
اُس کے سوار کو پاگل کر دُوں گا۔“ لیکن بنی یہُوداہؔ کے گھرانے
پر مہربانی کروں گا اَور غَیر قوموں کے سَب گھوڑوں کو اَندھا کر دُوں
گا۔
5 تَب بنی یہُوداہؔ کے سردار اَپنے دِل میں کہیں گے، یروشلیمؔ کے
لوگ قُوّت والے ہیں کیونکہ قادرمُطلق یَاہوِہ اُن کے خُدا ہیں۔
6 اُس دِن مَیں بنی یہُوداہؔ کے سرداروں کو لکڑی کے ڈھیر میں آگ
کے برتن کی مانند بنا دُوں گا جو لکڑیوں کے گٹّھے کو جَلا کر راکھ
کردیتی ہے یا اُس مشعل کی مانند بنا دُوں گا جو اناج کے پُولوں کے
درمیان جلتی رہتی ہے۔ یعنی وہ اَپنی داہنے اَور بائیں طرف اَور اُن کے
گِردونواح کے سَب لوگوں کو جَلا کر راکھ کر دیں گے۔ لیکن یروشلیمؔ
کے باشِندے اَپنی جگہ محفوظ رہیں گے۔
7 یَاہوِہ پہلے بنی یہُوداہؔ کی قِیام گاہوں کو بچائیں گے تاکہ داویؔد
کے گھرانے کی شوکت اَور یروشلیمؔ کے باشِندوں کی شان یہُودیہ کے
باشِندوں سے بڑھ کر نہ ہو۔

8 اُس دِن یَاھوِہ خُود یروشلیمؔ کے باشِندوں کی حِفاظت کریں گے
تا کہ اُن میں سَب سے کمزور بھی داویؔد کی مانند طاقتور ھوگا اَور داویؔد
کا گھرانا خُدا کے مانند اَور یَاھوِہ کے اُس فرشتہ کی مانند ھوں گے
جو اُن کے آگے آگے چلتا ھو۔
9 اَور اُس دِن مَیں اُن سَب مُخالف قوموں کو ھلاک کرنے کی قصد
سے نکلوں گا جو یروشلیمؔ پر حملہ کریں گی۔

## چھیدے ھُوئے کے لئے ماتم

10 اَور مَیں داویؔد کے گھرانے اَور یروشلیمؔ کے باشِندوں پر فضل اَور
مناجات کی رُوح نازل کروں گا، وہ اُس پر جسے اُنہُوں نے چھید ڈالا
نظر کریں گے اَور اُس کے لئے اَیسا ماتم کریں گے جَیسے کوئی اَپنے
اِکلوتے بیٹے کے لئِے کرتا ھے۔ اَور اِس کے لیے اِس طرح غمگین ھوں
گے جَیسے کوئی اَپنے پہلوٹھے کے لیے غمگین ھوتا ھے۔
11 اَور اُس دِن یروشلیمؔ میں بڑا ماتم ھوگا جَیسا مگِدّوؔ کی وادی میں
ھددؔ رِمّونؔ نے کیا تھا۔
12 اَور سارا مُلک ماتم کرے گا۔ یعنی ھر ایک گھرانا اَور اُن کی
بیویوں کے ساتھ الگ الگ، داویؔد کا گھرانا اَور اُن کی بیویاں الگ،
ناتنؔ کا گھرانا اَور اُن کی بیویاں الگ،
13 لیوی کا گھرانا اَور اُن کی بیویاں الگ، شِمعیؔ کا گھرانا اَور اُن
کی بیویاں الگ
14 اَور باقی بچے ھُوئے سَب گھرانے کے لوگ اَور اُن کی بیویاں
الگ الگ ماتم کریں گی۔

# 13

## گُناہ سے پاکیزگی

1 اُس دِن داوِید کے گھرانے اَور یروشلیمؔ کے باشِندوں کے گُناہ اَور
ناپاکی صَاف کرنے کے لِئے ایک چشمہ پھوٹ نکلے گا۔
2 قادرمُطلق یَاہوِہ فرماتے ہیں، اُس روز مَیں مُلک سے سارے بُتوں
کا نام مٹا دُوں گا اَور کوئی پھر اُن کو یاد نہ رکھے گا، مَیں جھُوٹے
نبیوں اَور ناپاک رُوح دونوں کو مُلک سے خارج کر دُوں گا۔
3 پھر بھی اگر کوئی نُبّوت کرے گا تو اُس کے والدین جِن سے وہ
پیدا ہُوا ہے اُس سے کہیں گے، تُو زندہ نہ رہے گا کیونکہ تُو یَاہوِہ کا
نام لے کر جھُوٹ بولتا ہے۔ اَور جَب وہ نُبّوت کرے گا تو اُس کے
اَپنے والدین اُسے تلوار سے چھید ڈالیں گے۔
4 اُس دِن ہر ایک جھُوٹا نبی نُبّوت کرتے وقت اَپنی اَپنی رُویا سے
شرمندہ ہوں گے۔ اَور وہ عوام کو فریب دینے کی غرض سے کمبل
والے کپڑے نہ پہنیں گا۔
5 بَلکہ ہر ایک شخص کہے گا، مَیں نبی نہیں، کِسان ہُوں؛ اَور لڑکپن
ہی سے کاشتکاری میرا خاندانی پیشہ رہا ہے۔
6 اَور اگر کوئی اُس سے پُوچھے، تمہارے جِسم پر یہ زخم کیسے
ہیں؟ تو وہ جَواب دے گا، یہ زخم مُجھے میرے دوستوں کے گھر میں
لگے ہیں۔

## چرواہے کا قتل اَور بھیڑوں کا مُنتشر ہونا

7 اَے تلوار میرے چرواہے کے خِلاف بیدار ہو!

یعنی اُس شخص کے خِلاف جو میرا قریبی رفیق ہے!
یہ قادرِمُطلق یَاھوِہ کا فرمان ہے،
چرواہے کو قتل کرو،
تا کہ بھیڑیں مُنتشر ہو جائیں،
اَور مَیں چُھوٹے بچّوں پر اَپنا ھاتھ اُٹھاؤں گا۔
8 یَاھوِہ کا فرمان ہے، سارے مُلک میں،
دو تہائی لوگ قتل کئے جائیں گے اَور ھلاک ہوں گے،
پھر بھی ایک تہائی لوگ مُلک میں بچے رہیں گے۔
9 اُس ایک تہائی لوگوں کو میں آگ میں ڈال کر
چاندی کی طرح صَاف کروں گا
اَور اُنہیں اَیسے جانچوں گا جَیسے سونے کو جانچا جاتا ہے۔
وہ میرے نام سے دعا کریں گے
اَور مَیں اُنہیں جَواب دُوں گا۔
مَیں کہُوں گا، یہ میری اُمّت ہیں،
اَور وہ کہیں گے، یَاھوِہ ھی ہمارے خُدا ہیں۔

# 14

## یَاھوِہ کی آمد اَور حُکومت

1 اَے یروشلیمؔ دیکھو، یَاھوِہ کا وہ دِن آنے والا ہے، جَب تمھاری
دولت لُوٹ لی جائے گی اَور اُسے تمھاری دیواروں کے اَندر ھی تقسیم
کر دیا جائے گا۔
2 مَیں سَب قوموں کو یروشلیمؔ کے خِلاف جنگ کرنے کے لِئے جمع
کروں گا۔ یروشلیمؔ کے شہر پر قبضہ کر لیا جائے گا۔ گھر لُوٹے جائیں

گے اَور عورتیں بےحُرمت کی جائیں گی۔ شہر کی آدھی آبادی اسیری
میں چلی جائے گی۔ لیکن باقی بچے لوگ شہر ھی میں رھیں گے۔
3 تَب یَاھوِہ باھر جا کر اُن قوموں سے اِس قدر جنگ کریں گے جَیسا
کہ وہ جنگ کے دِن زمانے میں جنگ کئے تھے۔
4 اُس دِن یَاھوِہ کوہِ زَیتُون پرجو یروشلیمؔ کے مشرق میں ھے، کھڑے
ھوں گے اَور کوہِ زَیتُون درمیانی دو حِصّوں میں پھٹ جائے گا اَور
مشرق سے مغرب تک ایک بڑی وادی ھو جائے گی جِس سے آدھا
پہاڑ شمال کی طرف اَور آدھا جُنوب کی طرف سَرک جائے گا۔
5 تَب تُم میرے اِس پہاڑ کی وادی سے ھوکر بھاگوگے کیونکہ یہ
وادی آضیلؔ تک بڑھ جائے گی۔ تُم اَیسے بھاگوگے جَیسے تُم شاہِ یہُودیہؔ
عُزّیاہؔ کے دِنوں میں زلزلے کی وجہ سے بھاگے تھے۔ تَب یَاھوِہ میرا
خُدا اَپنے سَب مُقدّسین کے ساتھ تشریف لائیں گے۔
6 اُس دِن نہ تو آفتاب کی رَوشنی ھوگی، نہ سردی اَور نہ کُھرے سے
بھری تاریکی ھوگی۔
7 یہ ایک منفرد دِن ھوگا، ایک اَیسا دِن جِس کی بابت صِرف یَاھوِہ
ھی کو مَعلُوم ھے۔ دِن اَور رات کے درمیان کوئی فرق نہیں ھوگا۔
کیونکہ شام کے وقت بھی رَوشنی مَوجُود رہے گی۔
8 اُس روز یروشلیمؔ سے آبِ حیات جاری ھوگا۔ جِس کا آدھا پانی
مشرقی سمُندر یعنی بحرِمُردار کی طرف اَور آدھا پانی بحرِ رُوم یعنی مغربی
سمُندر کی طرف بہے گا، جو سردیوں اَور گرمیوں میں جاری رہے گا۔

9 اَور یَاھوِہ ھی ساری دُنیا کے بادشاہ ھوں گے۔ اُس روز ایک ھی
یَاھوِہ ھوں گے اَور صِرف اُنہیں کے نام کی عبادت ھوگی۔

10 اَور تمام مُلک گِبعؔ سے لے کر یروشلیمؔ کے جُنوب میں رِمّونؔ تک
عراباہؔ کے میدان کی طرح ھو جائے گی۔ لیکن بِنیامین کے پھاٹک سے
لے کر پہلے پھاٹک کے مقام تک یعنی کونے کے پھاٹک تک اَور حَنن
ایل کے بُرج سے لے کر بادشاہ کے انگوری حوضوں تک یروشلیمؔ بُلند
کیا جائے گا اَور یہ اَپنے مقام پر قائِم رہے گا۔

11 لوگ آکر اِس میں سکونت کریں گے اَور یہ پھر کبھی برباد نہیں
کیا جائے گا، بَلکہ یروشلیمؔ اَمن و سلامتی سے آباد رہے گا۔

12 یَاھوِہ یروشلیمؔ سے جنگ کرنے والی اُن سَب قوموں پر اَیسا عذاب
نازل کریں گے کہ کھڑے کھڑے اُن کا گوشت سڑ جائے گا، اَور
اُن کی آنکھیں چشم خانوں میں گل جائیں گی اَور اُن کی زبان اُن کے
مُنہ میں سڑ جائے گی۔

13 اَور اُس روز یَاھوِہ کی طرف سے اُن کے درمیان ایک بڑی دھشت
ھوگی۔ وہ ایک دُوسرے کا ھاتھ پکڑیں گے اَور ایک دُوسرے پر حملہ
کریں گے۔

14 یہُوداہؔ بھی یروشلیمؔ میں لڑے گا۔ اِس کے گِردونواح کی سَب
قوموں کی دولت جمع کی جائے گی۔ جِس میں کثرت سے سونا، چاندی
اَور لباس جمع ھوگا۔

15 گھوڑوں، خچّروں، اُونٹوں، گدھوں اَور سَب حَیوانوں پرجو اِن
لشکرگاھوں میں ھوں گے، اُن پر بھی وُھی عذاب نازل ھوگا۔

16 تَب یروشلیِمؔ پر حمله کرنے والی سَب قوموں میں سے بچے ہُوئے
لوگ سال بسال بادشاہ قادرمُطلق یَاھوِہ کو سَجدہ کرنے اَور خیموں کی
عید منانے کو آئیں گے۔
17 اَور دُنیا کے اُن تمام قبائل پرجو بادشاہ قادرمُطلق یَاھوِہ کو سَجدہ
کرنے یروشلیِمؔ میں نه آئیں گے تو اُن پر مینه نه برسے گا۔
18 اگر مِصر کے لوگ آکر اُس عبادت اَور عید میں شریک نہیں ہوں
گے تو اُن کی سَر زمین پر بھی مینه نہیں برسے گا۔ یَاھوِہ اُن کے اُوپر وُہی
وَبا نازل کریں گے جو اُنہُوں نے اُن قوموں پر نازل کی تھی جو خیموں
کی عید منانے کو نہیں آئےتھے۔
19 اھلِ مِصر اَور اُن تمام قوموں کی جو خیموں کی عید منانے نہیں
جائیں گے، اُن کی یہی سزا ھوگی۔
20 اُس روز گھوڑوں کی گردن میں لٹکی گھنٹیوں نپر یه الفاظ لکھے
ہوں گے، "یَاھوِہ کے لِئے مُقدّس،" اَور یَاھوِہ کے بیت المُقدّس کی
دیگیں مذبح کے سامنے رکھے مُقدّس پیالوں کی مانند ہوں گی۔
21 یروشلیِمؔ اَور یہُودیؔه کا ھر ایک برتن قادرمُطلق یَاھوِہ کے لِئے مُقدّس
ھوگا اَور وہ سَب جو قُربانی کرنے آئیں گے وہ اُن برتنوں میں سے کچھ
کو لیں گے اَور اُن میں قُربانی کا گوشت پکائیں گے۔ اَور اُس دِن کوئی
تاجر قادرمُطلق یَاھوِہ کے گھر میں داخل نه ھوگا۔

# ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
حق اِشاعت © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https://creativecommons.org/licenses/by-sa/4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
حق اِشاعت © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
"Biblica" ریاستہائے متحدہ ہائے کے حُقُوق کی سند اَور رجسٹرڈ تجارتی ذریعہ کے Biblica Inc اَور دَفتر میں درج نشان ہے۔ کیا اسیعمال ساتھ کے اجازت وہ‌ہیں۔ جاتاہے۔
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

You include the above copyright and source information.

If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.

If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f